# 24-05-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆الیکشن کمیشن نے دو جون کو ریاست کا یوم تاسیس منانے کی اجازت دیدی ہے۔

☆ ریاستی وزیر آبکاری جوپلی کرشنا راؤ نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ پر الزام لگایا کہ وہ حقائق جانے بغیر سریدھر ریڈی کی ہلاکت پر سیاست کر رہے ہیں۔

☆بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا کی ضمانت کی عرضی پر سماعت اس مہینہ کی 27 تاریخ کو دہلی کی راؤس ایونیو کورٹ میں ہوگی۔

☆لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلہ کے تحت کل 58 پارلیمانی سیٹوں پر رائے دہی کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سری سیلم شاہراہ پر آج صبح پیش آئے ایک سڑک حادثہ میں تین افراد کی موت ہوئی ہے۔ایک کار کی بس سے ٹکر ہوگئی۔سنگاریڈی ضلع کے رامنتولا گاؤں کے قریب یہ حادثہ پیش آیا۔مرنے والوں کی شناخت تین دوست سری کرشنا ورا پرساد، میگھاوت نکھیل اور بی مندیپ کے طور پر کی گئی ہے۔مندیپ ایک آٹوموبائیل کمپنی میں کام کرتے تھے جبکہ سری کرشنا اور نکھیل انٹریئر ڈیزائنر تھے۔آمنگل کے سرکل انسپکٹر بی پرمود کمار نے بتایا کہ بس حیدرآباد سے سری سیلم کی طرف جارہی تھی اس وقت مخالف سمت سے آرہی کار کی بس سے ٹکر ہوگئی۔پولیس اس بات کا پتہ لگارہی ہے کہ آیا کہ کار غلط سمت میں تو نہیں جارہی تھی۔بس ڈرائیور نے خود سپردگی کرلی اور فی الحال وہ پولیس کی تحویل میں ہے۔لاشوں کو کلواکرتی سرکاری دواخانہ پوسٹ مارٹم کیلئے منتقل کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا کی ضمانت کی عرضی پر سماعت اس مہینہ کی 27 تاریخ کو ہوگی۔دہلی آبکاری گھوٹالہ کیس میں راؤس ایونیو کورٹ نے سماعت کو 27 تاریخ کو مقرر کیا ہے۔انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے عدالت کو بتایا کہ کویتا کی ضمانت کی عرضی پر وہ ستائیس مئی کو اپنا جواب داخل کرے گی۔کویتا کے وکیل نے ان کی موکلا کی گرفتاری سے متعلق تمام تر تفصیلات عدالت کو بتائی۔

☆☆☆☆☆

انٹرمیڈیٹ ایڈوانس سپلیمنٹری امتحانات کا آج سے آغاز ہوا۔31 مئی تک امتحانات منعقد ہوں گے۔926 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں اور 14200 انویجلیٹرس امتحانات کی نگرانی کررہے ہیں۔امتحانات کے موثر انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے ضلع کلکٹر، ایس پی اور محکمہ تعلیم کے افسران پر مشتمل ایک ضلع سطح کی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی قانون ساز کونسل کیلئے ورنگل، کھمم، نلگنڈہ گریجویٹ حلقہ کے تحت رائے دہی پیر کو ہوگی۔اس ضمن میں رچہ کنڈہ پولیس کمشنریٹ حدود کے تحت بھونگیر زون میں دفعہ 144 نافذ کردی گئی ہے۔امتناعی احکامات کا کل سے نفاذ ہوگا اور 27 مئی تک اس پر عمل ہوگا۔الیکشن کمیشن آف انڈیا کی جانب سے کونسل انتخابات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے مناسب انتظامات کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست حیدرآباد کے آخری نظام نواب میر عثمان علی خان کی 58 ویں برسی کل منائی گئی۔مسجد جودی کنگ کوٹھی میں شاہی خاندان کے ارکان اور مختلف سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے نواب میر عثمان علی خان کو خراج عقیدت پیش کیا۔اوقاف کمیٹی کے سکریٹری سید عبداللہ قادری، مکہ مسجد سپرنٹنڈنٹ محمد عبدالقدیر صدیقی، مکہ مسجد خطیب محمد رضوان قریشی، اوقاف کمیٹی کے اسسٹنٹ سکریٹری سید عباس، مورخین، سماجی کارکنوں اور دیگر نے میر عثمان علی خان کی مزار پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔میر عثمان علی خان 6 اپریل 1886ء میں پیدا ہوئے تھے اور وہ 1911 سے 1948ء تک ریاست حیدرآباد کے آخری حکمراں رہے۔

☆☆☆☆☆

اسی دوران چیف الکٹورل آفیسر وکاس راج نے تمام خانگی اداروں، تاجرین، صنعتی اداروں سے کہا کہ وہ قانون ساز کونسل کے انتخابات میں حصہ لینے کیلئے اپنے ملازمین کو درکار ضروری رعایت فراہم کریں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر آبکاری جوپلی کرشنا راوٴ نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راوٴ پر الزام لگایا کہ وہ حقائق جانے بغیر سریدھر ریڈی کی ہلاکت پر سیاست کررہے ہیں۔ گاندھی بھون میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے ٹی پی سی سی لیڈر ملوروی اور جوپلی کرشنا راوٴ نے کہا کہ متوفی سریدھر ریڈی کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ سریدھر ریڈی ایک سابق ایم ایل اے کے قریب تھے اور ان کا جائیداد کو لیکر خاندانی جھگڑا تھا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ حکومت حقائق جاننے کیلئے قتل واقعہ کی جانچ کرائے گی۔ جوپلی کرشنا راوٴ نے مزید کہا کہ کے ٹی راما راوٴ اور سابق آئی پی ایس افسر آر ایس پروین کمار کو کوئی بھی بیان دینے سے پہلے حقائق جان لینا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے کارگذار صدر کو ان سے سوال کرنے کا کوئی حق نہیں ہے اور جو دلتوں کو ہراساں کرتے ہیں انہیں بھی اس واقعہ پر بات کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست بھر کے 250 مراکز پر آج پالی ٹکنیک کامن انٹرنس ٹسٹ پالی سیٹ کا انعقاد ہوا۔تقریباً 89.23 فیصد امیدواروں نے امتحان میں شرکت کی۔ایس بی ٹی ای ٹی کی جانب سے ریاست بھر میں پالی سیٹ کا کامیابی کے ساتھ انعقاد کیا گیا۔اسٹیٹ بورڈ آف ٹکنیکل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کی جانب سے انجینئرنگ و نان انجینئرنگ شعبہ میں ڈپلومہ کورسیس کرائے جاتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بھدرادری کتہ گوڑم ضلع کے بھدراچلم کے ایک خانگی پیرا میڈیکل کالج میں اس وقت کشیدگی دیکھنے کو ملی جب ایک نرسنگ کی طالبہ کی مشتبہ حالت میں موت ہوگئی۔متوفی طالبہ کے رشتہ داروں، طلبہ اور دیگر افراد نے ماروتی پیرا میڈیکل کالج کے احاطہ میں احتجاج کیا۔نرسنگ کی طالبہ کارونیا کل کالج کے احاطہ میں خون میں لت پت پائی گئی تھی۔کرونیا کے سر پر چوٹ لگی تھی اور اسے سرکاری دواخانہ منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکی۔اس معاملہ پر برہم کرونیا کے گھر والوں نے آج کالج کے احاطہ میں احتجاج کیا۔اس احتجاج میں کالج کے طلبہ بھی شامل ہوگئے اور کرونیا کے لئے انصاف کا مطالبہ کیا۔کرونیا کے گھر والوں کا کہنا ہے کہ کسی نے ہاسٹل میں کرونیا پر حملہ کیا اور اسے اوپری منزل سے نیچے ڈھکیل دیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ وہ اس معاملہ کی تحقیقات کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے چھٹویں مرحلہ کے تحت کل 58 پارلیمانی سیٹوں پر رائے دہی کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔اس مرحلہ میں بہار کی آٹھ، ہریانہ کی تمام دس ،جھارکھنڈ کی چار، دہلی کی تمام سات،اڈیشہ کی چھ،اتر پردیش کی چودہ،مغربی بنگال کی آٹھ اور جموں وکشمیر کی ایک لوک سبھا سیٹ پر رائے دہی ہوگی۔صبح سات بجے سے رائے دہی کا آغاز ہوگا۔الیکشن کمیشن کی جانب سے آزادانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔پولنگ مراکز کے قریب سکیورٹی کے بھی مناسب بندوبست کئے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

دوجون کو ریاست کے یوم تاسیس کے ضمن میں ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے سینئر عہدیداروں کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ریاست کا یوم تاسیس منانے کیلئے الیکشن کمیشن کی جانب سے اجازت ملنے کے بعد چیف سکریٹری نے عہدیداروں کو بڑے پیمانے پر انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔چیف سکریٹری نے بتایا کہ سکندرآباد کے پریڈ گراوٴنڈ پر یوم تاسیس تقریب منعقد ہوگی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پہلے گن پارک پر تلنگانہ کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔چیف سکریٹری نے محکمہ پولیس کو بھی مناسب انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے محکمہ آر اینڈ بی کو بھی شامیانے نصب کرنے اور آسرا فراہم کرنے کو بھی کہا تاکہ لوگ دھوپ سے محفوظ رہیں۔

☆☆☆☆☆

سائبرآباد پولیس نے بی آر ایس کے سابق رکن اسمبلی اے جیون ریڈی کے خلاف مبینہ طور پر چیوڑلہ کے ایراپلی میں ایک تاجر کی زمین پر قبضہ کرنے کے الزام میں کیس درج کیا ہے۔راجندرنگر،اوپرپلی کے رہنے والے تاجر ایس دامودر ریڈی نے اپنی شکایت میں کہا کہ انہوں نے سال 2002 میں ایراپلی گاؤں کے مضافات میں بیس ایکر بیس گنٹہ زمین خریدی تھی اور اس پر انہوں نے ایک فنکشن ہال تعمیر کرایا تب سے ہی وہ زمین ان قبضہ میں تھی۔

☆☆☆☆☆